احکامِ شریعت
اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں بریلوی

مسلک اہل سنت کے مطابق روزمرہ شرعی مسائل کا مستند مجموعہ

تینوں حصے مکمل معہ ملفوظات

تصنیف لطیف

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی قادری قدس سرہ العزیز

شبیر برادرز ۴۰۔ بی اردو بازار لاہور

فون ——— ۷۲۳۳۵۰۶

نام کتاب ———— احکام شریعت (مکمل تین حصے)
نام مصنف ———— اعلیحضرت احمد رضا خاں بریلوی ؒ
سال طباعت ———— ۱۹۹۶ء
ناشر ———— شبیر برادرز۔ اردو بازار لاہور
قیمت ———— ۹۰/- روپے

اور تقویٰ احتراز روافض کا خیال ضلال ہے اور اس مسئلہ میں حضرت مجدد کا کوئی خیال مجھے اس وقت یاد نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ[۳۰]۔ لوح محفوظ کیا ہے

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ لوح محفوظ کیا چیز ہے۔ بینوا توجروا۔

الجواب

زیر عرش ایک لوح ہے جس کا طول پانسو برس کی راہ ہے اس میں ما کان وما یکون الیٰ یوم القیامۃ ثبت ہے

مسئلہ[۳۱]۔ لوح محفوظ کی تحریر

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ جو کچھ لوح محفوظ میں لکھا گیا ہے اُس کو تبدل و تغیر بھی ہو سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب

صحیح یہ ہے کہ لوح تغیر سے محفوظ ہے تغیر نسخ صحف ملٰئکہ میں ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ[۳۲]۔ نسخ صحف میں ہے یا لوح میں

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ جو کچھ اللہ عزوجل نے بعد آفرینش دنیا کے قیامت تک جو کچھ ہونے والا ہے ایک ہی مرتبہ اُس کا انتظام کر دیا ہے یا بتدریج اُس کی ترمیم و تنسیخ ہوتی رہتی ہے۔ بینوا توجروا۔

الجواب

نسخ صحف میں ہے نہ لوح میں۔ کل صغیر و کبیر مستطر۔ جف القلم بما ھو کائن۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۳۲۔ ترک تدبیر

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ حدیث جف القلم اور تجربہ سے معلوم ہوتا ہے کہ جو کچھ ہوتا تھا ہو لیا تدبیر انسانی کچھ فائدہ نہیں دیتی۔

الجواب

دنیا عالم اسباب ہے اور سبب و مسبب سب مقدر مطلقاً ترک تدبیر جہل شدید ہے اور اس پر اعتماد تام ضلال بعید۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۳۴۔ شقی ازلی

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ شقی ازلی کوشش انسانی سے سعید ہو سکتا ہے یا نہیں اور سعید ازلی پر صحبت بد کا اثر ہو سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب

نہ شقی ازلی ہو سکے نہ سعید ازلی شقی سعید ازلی پر صحبت بد کا اثر ممکن ہے یوہیں شقی ازلی پر صحبت نیک کا مگر انجام اسی پر ہوگا جس لیے بنائے گئے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۳۵۔ حاکم حقیقی

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ دنیا میں جو کچھ ہو رہا ہے اور ہوگا بوساطت فرشتگان اور سیارگان و عقول عشرہ ہی ہو رہا ہے یا ہر آن میں بلا توسل